Schweizerische Eidgenossenschaft
Confédération suisse
Confederazione Svizzera
Confederaziun svizra

Federal Department of Justice and Police FDJP
**State Secretariat for Migration SEM**

CRPC

# بلا اجازت سفر



بلا اجازت سفر

ناشر:

Crisis Response and Policy Centre

کرائسس رسپانس اینڈ پالیسی سینٹر

office@crpc.rs

Photo by Samuel Silitonga from Pexels

ترجمان: سمن علی

یہ کتابچہ حکومت سوئٹزرلینڈ کی مدد سے تیار کیا گیا ہے۔ اس کتابچے میں موجود معلومات اور خیالات سوئٹزرلینڈ کی حکومت کے سرکاری نظریات نہیں۔

یہ کتابچہ کرائسس رسپانس اینڈ پالیسی سینٹر نے بلا اجازت سفر کرنے والے لوگوں کی مشکلات کے بارے میں ایک پراجیکٹ کے ذریعے شائع کیا ہے جس کے لیے سوئٹزرلینڈ کی وزارت برائے نقل مکانی نے امداد فراہم کی۔ اس کتابچے میں بلا اجازت سفرکرنے والے لوگوں کے جن حقوق کے بارے میں معلومات دی گئی ہیں وہ قرارداد ۱۵۰۹ میں شامل ہیں جو کہ سن ۲۰۰۶ میں پاس ہوئی اور یہ انٹرنیٹ میں اس ایڈریس پر دیکھی جا سکتی ہے:

http://assembly.coe.int/nw/xml/XRef/Xref-XML2HTML-en.asp?fileid=17456

بلغراد ۲۰۱۹

## بلا اجازت سفر

آپ سب جو کہ یہاں تک کا سفر کر چکے ہیں جانتے ہیں کہ یہ سفر کتنا مشکل اور خطرناک ہے۔ ایسا ہوتا ہے کہ ان لوگوں کے لیے جو کہ ہمیں عزیز ہیں ہم کچھ بھی کرنے کو تیار ہوتے ہیں۔ مگر اپنے لیے بہتر فیصلہ کرنے کے لیے ہمیں بہت سی معلومات کی ضرورت ہوتی ہے کہ ہم اچھی طرح سوچیں کہ اس وقت ہمارے حالات کیسے ہیں اور ہمارا اگلا قدم کیا ہونا چاہیے۔

*


جب کوئی شخص پاسپورٹ اور ویزے کے بغیر کسی ملک میں داخل ہوتا ہے، وہاں رہتا ہے اور کام کرتا ہے تو وہ اس ملک میں بلا اجازت موجود ہے۔

بعض حالات ایسے ہوتے ہیں کہ مجبوری کے تحت لوگوں کو کسی دوسرے ملک میں بلا اجازت داخل ہونا پڑتا ہے۔ اگرچہ یہ غیر قانونی ہے اس کا مطلب یہ نہیں کہ تم مجرم ہو۔

گروپ یا شخص کو بارڈر پر سے واپس بھیجنا غیر قانونی ہے اگراس سے پہلے ہر ایک شخص کی مجبوری کی پوری طرح جانچ پڑتال نہ کی جائے۔

کسی کا حق نہیں کہ وہ تم سے زبردستی ایسے کاغذ پر دستخط کروائے جس پر لکھا ہو کہ تم اپنی مرضی سے واپس اپنے ملک جانا چاہتے ہو۔

اس سفر کے دوران بارڈر پولیس یا کسی اور کی جانب سے تم پر تشدد غیر قانونی ہے۔ تم بلا اجازت بھی کسی ملک میں ہو تو اس ملک کا



فرض بنتا ہے کہ تماری جان کی حفاظت کرے اور تشدد سے تحفظ فراہم کرے۔

اگر تم پر کسی ملک کا سرکاری ملازم یا افسر شدید تشدد کرے تو یہ اذیت رسائی کا جرم ہے، جیسے کہ کرنٹ لگانا یا کتوں سے حملہ کروانا۔ لوگوں پر شراب پھینکنا اور ان کو گالیاں دینا ان کی بےعزتی ہے اور انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ گیم کے دوران یا کسی اور طرح بار بار تشدد سہنے سے انسان پر بہت برے اثرات رہ جاتے ہیں۔

کسی ملک میں زیادہ دیر تک ضروری کاغذات کے بغیر رہنے کے نتیجے میں مجرموں کے لیے آسان ہو جاتا ہے کہ وہ تمہاری مجبوری کا فائدہ اٹھائیں، تمہارا استحصال کریں، تم پر ظلم کریں اور مختلف دھمکیاں دیں۔

اگر کوئی تم سے تمہاری مرضی کے خلاف کام کروا رہا ہے، اگر تمہیں کام دینے والے شخص نے تمہیں رجسٹر نہیں کروایا اور وہ تمہیں مزدوری باقاعدگی سے نہیں دیتا یا بہت کم مزدوری دیتا ہے تو وہ تمہارا استحصال کر رہا ہے۔ تمہارا حق بنتا ہے کہ تم اس کے خلاف رپورٹ کرو۔

ایسا ممکن ہے کہ تمہیں علم نہیں اور تم کسی کے ہاتھ بک چکے ہو۔ تمہارا مالک تم سے ایسے کام کروا سکتا ہے جو کہ تم نہیں کرنا چاہتے۔ ایسی صورت میں تمہیں سرکاری ادارے میں شکایت کرنی چاہیے۔

اگر سفر کے دوران تم سے کوئی برا سلوک کرے، تمہارے رنگ، نسل، قوم، مذہب یا جنسیت کی بنیاد پر، تو تمہارا حق بنتا ہے کہ شکایت کرو کیونکہ یہ امتیازی سلوک انسانی حقوق کے خلاف ہے۔

بعض رواج ایسے ہوتے ہیں کہ ان کی وجہ سے لوگوں کو نقصان پہنچتا ہے جیسا کہ بدلہ، بچپن کی شادی، زبردستی کی شادی۔ یہ سب قانون کے خلاف ہے اور ثقافت کا حصہ نہیں۔ اگر تم ایسے رواج سے متاثر ہوئے ہو تو تمہیں شکایت کرنے کا حق ہے۔



اگر تم بچے ہو اور عمر میں بڑا کوئی آدمی تمہارے ساتھ جنسی تعلقات کا خواہشمند ہے تو یہ قانون کے خلاف ہے۔ تمہیں یہ رپورٹ کرنا چاہیے۔

اگر تم عمر میں بڑے ہو تب بھی ممکن ہے کہ کوئی تمہارے ساتھ جنسی زیادتی کرنے کی کوشش کرے۔ تم یہ پولیس میں رپورٹ کر سکتے ہو۔

گیم پر جانے میں ہر بار سلامتی اور جان کا خطرہ ہوتا ہے۔ ڈاکو تمہیں لوٹ سکتے ہیں یا اغوا کر سکتے ہیں۔

راستے میں ایسے علاقے بھی ہیں جہاں پرانی جنگوں کے وقت سے زیر زمین بم ہیں اور ایسے علاقوں سے گزرنا خطرناک ہے۔


جنگل میں خطرناک جانور تم پر حملہ کر سکتے ہیں یا پھر تم زہریلے سانپوں اور پودوں کا شکار بن سکتے ہو۔

اگر تمہیں کوئی معمولی بیماری ہے جیسے کہ زکام اور تم گیم پر جا رہے تو ہو سکتا ہے کہ باہر رہنے سے، کئی دنوں تک بھوک، پیاس اور تھکن برداشت کرنے سے زکام زیادہ مشکل بیماری میں تبدیل ہو جائے جیسے کہ نمونیا۔

اس سفر کے دوران صحت صفائی کا خیال رکھنا مشکل ہے۔ دوسروں کے کپڑے، کمبل یا بستر استعمال کرنے سے مختلف بیماریاں جیسی کہ خارش پھیل سکتی ہیں۔

اگر تمہیں کہیں باہر سڑک پر یا جنگل میں زخم لگ جائے اور کوئی طبی امداد پاس نہ ہو تو زخم خراب ہو سکتا ہے جس میں جان کا خطرہ بھی ہو سکتا ہے۔

کسی بھی ملک میں تم بلا اجازت یا قانونی طور پر موجود ہو ہر صورت میں تمہارا حق بنتا ہے کہ تمہیں فوری طبی امداد ملے۔



راستے میں اگر تم بیمار پڑ جاو یا تھک جاو تو تمہارا گروپ اور ایجنٹ تمہیں کسی ویران جگہ پر چھوڑ کر جا سکتے ہیں۔ اگر تم مدد کے لیے فون کرو تب بھی تم تک پہنچنے میں وقت لگے گا۔

ٹرک میں داخل ہونا بھی خطرناک ہو سکتا ہے۔ ایسے ٹرک جس میں کیمیائی مواد یا پٹرول رکھا جاتا ہے یا پھرفرج ٹرک جس میں گوشت رکھا جاتا ہے ان میں سفر کرنے سے موت واقع ہو سکتی ہے۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ عام سامان والے ٹرک کا ڈرائیور ٹرک کہیں چھوڑ کر چلا جائے اور لوگ دو تین دن تک مدد کے لیے فون نہ کر سکیں۔

اگر ایجنٹ گاڑی میں بہت زیادہ لوگوں کو بٹھا دے تو حادثے کا امکان بڑھ جاتا ہے اور مسافروں کے لیے یہ جان کا خطرہ ہے۔

ٹرین پر چڑھنا اور چھپنا خطرناک ہے۔ یورپ میں ٹرین بجلی سے چلتی ہے اور کئی بار بجلی لگنے سے یا کسی مسافر کی جان چلی جاتی ہے یا پھر وہ بری طرح جل جاتا ہے۔

پانی کے راستے سے سفر کرنے میں بھی خطرہ ہے۔ دریا کا پانی بہت تیز یا گہرا یا سرد ہو سکتا ہے۔

جب تم نئے ملک میں داخل ہوتے ہو تو تمہارا حق بنتا ہے کہ وہاں پناہ طلب کرو۔ تمہیں کسی ایسی جگہ واپس بھیجنا جہاں تمہاری جان خطرے میں ہے قانون کی خلاف ورزی ہے۔

تمہارا حق بنتا ہے کہ تمہیں ترجمان فراہم کیا جائے اور تمہیں مفت قانونی مدد بھی ملے اگر کسی ملک کی حکومت تمہارے بارے میں کوئی کاروائی کرے اور جب تم سے کہا جائے کہ تم ایسے کاغذات پر دستخط کرو جو تم نہیں پڑھ سکتے اور نہیں سمجھتے۔

اگر تم بچے ہو اور اکیلے سفر کر رہے ہو تو تمہارا حق بنتا ہے کہ تمہارے لیے ایک سرپرست مقرر کیا جائے جو تمہیں بہتر فیصلے کرنے میں تمہاری مدد کرے۔



بلا اجازت کسی ملک میں رہنے کی وجہ سے اگر لوگوں کو کسی ملک میں کسی جگہ بند رکھا جائے تو ایسا صرف خاص حالات میں ہونا چاہیے اور بندی کی مدت زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔ اگرتمہیں کہیں بند رکھا جا رہا ہے تو تمہارا حق بنتا ہے کہ تمہیں ایسی زبان میں معلومات دی جائیں جو کہ تم اچھی طرح سمجھ سکتے ہو اور تمہیں اجازت ہونی چاہیے کہ تم اپنی مرضی سے کسی فرد سے رابطہ کر سکو۔

جس جگہ تمہیں بند رکھا جائے وہاں مجرموں کو نہیں ہونا چاہیے۔

*

ہرفیصلہ کرنے سے پہلے تمہیں اچھی طرح سوچنا چاہیے۔ سفر کے دوران وہ معلومات بھی حاصل کرنی چاہیں جو کہ مختلف ملکوں میں سرکاری اور غیر سرکاری ادارے فراہم کرتے ہیں۔ صرف وہ معلومات کافی نہیں جو کہ ایجنٹ یا تمہارے رشتہ دار اور دوست فراہم کرتے ہیں۔ ممکن ہے کہ کچھ لوگ تمہیں جان بوجھ کر غلط معلومات دینا چاہیں یا پھر ان کے پاس صحیح معلومات نہ ہوں۔ راستے میں ملک تمہیں اپنی منزل سے قریب لگتے ہیں مگر سفر کے خطرے اب بھی تمہارے سامنے ہیں۔ بعض دفعہ منزل پر پہنچنے کے بعد بھی خطرے موجود رہتے ہیں۔ اگر تم اپنی مرضی کے ملک میں قانونی طور پر نہیں رہ سکتے تو ممکن ہے کہ بغیر اجازت کے رہنے لگو۔ صرف تمہیں اپنے بارے میں فیصلے کرنے کا حق ہے لیکن قانونی طریقے سے اپنے مسئلوں کا حل ڈھونڈنے سے تمہیں بہتر تحفظ اور زیادہ حقوق مل سکتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ تمہیں سربیا یا راستے کا کوئی ملک اپنے لیے بہترین نہ لگے لیکن یہاں قانونی طور پر رہنے سے تمہیں زیادہ حقوق مل سکتے ہیں۔

